36370 ـ اس كے پاس مال نہيں ہے اوركسى دوسرے كى جانب سے معاوضہ كے ساتھ حج كرنا چاہتا ہے

سوال

ايك شخص نے اپنا فريضہ حج ادا نہيں كيا ، اورنہ ہى اس كے پاس حج كےليے مال ہے ، توكيا اس كے ليے معاوضہ حاصل كركے كسى ميت يا بوڑھے كى جانب سے حج كرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

كسى شخص كےليے جائز نہيں كہ وہ اپنا فريضہ حج ادا كيے بغير كسى دوسرے كى جانب سے حج ادا كرے ، اس كى دليل ابن عباس رضي اللہ تعالى عنہما كى مندرجہ ذيل حديث ہے :

ابن عباس رضي اللہ تعالى عنہما بيان كرتے ہيں كہ رسول اكرم صلى اللہ عليہ وسلم نے سنا كہ ايك شخص كہ رہا تھا : لبيك عن شبرمہ ميں شبرمہ كى طرف سے حاضر ہوں ، تونبى صلى اللہ عليہ وسلم فرمانے لگے :

كيا تونے اپنى طرف سے حج كى ادائيگي كرلى ہے ؟ وہ شخص كہنے لگا نہيں ، نبى صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا : اپنى طرف سے حج ادا كرو اورپھرشبرمہ كى جانب سے ادا كرنا ۔

اسے ابوداود نے روايت كيا ہے ، اورعلامہ البانى رحمہ اللہ تعالى نے ارواء الغليل ميں صحيح قرارديا ہے ديكھيں : الارواء (994) ۔

اللہ تعالى ہى توفيق بخشنے والا ہے ۔ .